
# بادل آئے، بارش لائے

## اپو نے کیلا کھایا



اپّو ہاتھی کو کیلے بہت پسند تھے۔ وہ روز کیلے کے پیڑوں سے کیلے توڑ کر کھاتا ہے۔

ایک دن اُس نے دیکھا کہ کیلے کے پیڑ مرجھا رہے ہیں۔ بہت دنوں سے بارش جو نہیں ہوئی تھی۔



اپّو بولا۔ میں ابھی اپنی سونڈ میں پانی بھر کر لاتا ہوں۔ وہ ندی کی طرف چل پڑا۔

ندی سے اپو نے جی بھر کر پانی پیا۔

سونڈ میں پانی بھر بھر کر وہ خوب نہایا۔



پھر سونڈ میں پانی بھرا اور جا کر کیلے کے پیڑوں کو بھی نہلا دیا۔

پانی ملتے ہی کیلے کے پیڑ کھل اُٹھے۔

اپّو بولا۔ اب میں روز تمہارے لئے پانی لاؤں گا، تم مجھے میٹھے کیلے جو دیتے ہو۔

© NCERT not to be republished

* اپو کو کیسے پتا لگا کہ کیلے کے پیڑ کو پانی چاہیئے؟

* تمہارے گھر کے آس پاس کے پودوں کو پانی کہاں سے ملتا ہے؟

* اپو ہاتھی نے ندی سے جی بھر کر پانی پیا۔ تم نے جانوروں کو کہاں کہاں پانی پیتے دیکھا ہے؟


* کیا تم نے کسی جانور کو پانی پلایا ہے؟ اگر ہاں تو کس کو؟

* جن جانوروں کو کوئی پانی نہیں پلاتا، وہ پانی کہاں سے پیتے ہیں؟

کہانی میں تم نے پڑھا کہ کیلے کے پیڑ کو اپو ہاتھی نے پانی دیا۔ اصل میں تو ہاتھی پیڑوں کو ایسے پانی نہیں دیتے۔ تو پھر اُن پیڑ پودوں کو پانی کہاں سے ملتا ہے؟ جنہیں کوئی پانی نہیں دیتا؟

پیڑ پودوں کو زیادہ تر پانی بارش سے ملتا ہے۔ بارش آتے ہی پیڑ پودے کھل اُٹھتے ہیں۔

© NCERT not to be republished




# بادل آئے

گورے گورے، کالے کالے،
بادل آئے جادو والے!
کتا - گئیا
ہاتھی - گھوڑا
اور کبھی
ہنسوں کا جوڑا
یا پھر بن کر ارنا بھینسے
دوڑیں گے ہو کر متوالے!
پل میں آتے
پل میں جاتے
مہینوں کبھی
نظر نہ آتے
اور کبھی جم جاتے ایسے
ہفتوں تک نہ ٹلتے ٹالے!
کبھی گرجتے
کبھی برستے
اندر دھنش کے
رنگ پرستے
اور کبھی اولے برسا کے
توڑ گئے ہیں شیشے پیالے!

ہریش نگم
چکمک ( اکلو)

© NCERT not to be republished



* شاعر کو بادلوں میں بہت کچھ دکھائی دیا۔ کیا تمھیں بادلوں میں کبھی کچھ دکھائی دیا ہے؟ کیا؟
* بادل کیا کیا کرتے ہیں؟
* کیا تم نے کبھی اندر دھنش دیکھا ہے؟
* تمھیں بارش آنے پر کیسا لگتا ہے؟
* بارش آنے پر بادلوں کے علاوہ اور کیا کیا دکھائی دیتا ہے؟



بارش ہونے پر ناؤ بنانے اور اسے پانی میں چلانے میں مزہ آتا ہے نا؟
کاغذ کی ناؤ بناؤ اور اُسے پانی میں تیراؤ۔

کیا تم نے بارش میں کوئی پریشانی جھیلی ہے یا دیکھی ہے؟ اپنے تجربات کی تصویر بناؤ۔

واہ رے بارش تیری شان، کوئی ہے خوش، کوئی پریشان

© NCERT not to be republished

بچوں کے بارش سے متعلق تجربات کو سننے سے بارش سے ہونے والے اثرات اچھے یا برے دونوں پر تفصیلی گفتگو ہوسکتی ہے۔